
WWW.NOVELSCLUBB.COM



السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری،ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

WWW.NOVELSCLUBB.COM

# دھیرے دھیرے سے میری زندگی میں آنا

# از عائشہ نور

قسط نمبر 1#

🌷🌺 .. عیدا سپیشل ناول

www.novelsclubb.com

ملک فیض حقہ لئے لان میں بیٹھے ہیں اور ساتھ ہی انکا چھوٹا بھائی ملک حمید دونوں لان میں بیٹھے ہوئے اپنی زندگی کے آخری حصہ کو انجوائے کرتے ہوئے چیز کھیل رہے ہیں..

بھائی صاحب یہ بے ایمانی ہے.. آپ نے غلط ملکہ اٹھائی ہے.. ملک حمید برا سا منہ بناتے بولے..

ہاہاہا برخوردار جب ہارنے لگتے ہو تو ایسے ہی کہتے ہو..

ملک فیض اور ملک حمید دو بھائی.. دونوں کی اولادوں کی بھی اولادیں جوان ہیں.. دونوں کے گھر بھی ساتھ ساتھ ہیں.. سارا دن انکا ایک ساتھ گزرتا ہے جیسے دونوں بھائیوں میں پیار ہے ویسے ہی انکی اولادوں میں پیار ہے..

www.novelsclubb.com

فیض ملک کے تین بیٹے ہیں.. ملک امین احمد اور ملک عمر احمد اور سب سے چھوٹا بیٹا ملک زاویار احمد پروفیسر جو سب ہی سے چھوٹے ہیں مطلب غیر شادی شدہ اور تیس کے قریب اور باقی بڑے بھائیوں کی تو اولادیں بھی جوان ہیں..

اور ملک فیض کے چھوٹے بھائی ملک حمید انکے بھی ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے.. بیٹا ملک نعمان اور انکی بیٹی حمیرا ملک انکی بھی اولاد جوان ہیں..

یہ دیکھا ان بابیوں کی کھیڈا (کھیل) ہی نہیں مک دیا.. ساری دیہاڑی تنگ جاتی ہے..

کچن میں ملک فیض کی دونوں بہوئیں کھڑی کچن کی کھڑکی سے انہیں دیکھ کر آپس میں بڑبڑا رہی تھیں انکی فرمائش پہ پکوڑے تل رہی تھیں..

www.novelsclubb.com

چل باجی کچھ نہیں ہوتا بوڑھے ہیں کام دھندا ہے نہیں تو یہی کام کرنا ہے دونوں پرا (بھائی) آپس اچ لگے رہتے ہیں تو نا اوکھی ہو.. آمنہ نے کڑاھی سے پکوڑے نکالتے اپنی جٹھانی نغمہ سے کہا..

..میں کون سا کچھ کہہ رہی ہوں لگے رہیں

وہ رخشی کے پاس نہیں جاتے ادھر ہی رہتے ہیں اور سارا دن فرمائشیں کدی (کبھی) چاہ کدی روٹی تے کدی پکوڑے

..وہ رخشندہ (ملک حمید کی بہو) کا ذکر کرتی جل بھن کر بولی

.. چلیں باجی چھوڑیں اب کیوں اپنا اس رخشی کے مگر پڑ کر اپنا بی پی ہائی کر رہی ہیں

www.novelsclubb.com

بچے آج دیر سے آئیں گے اور کھانا پینا بھی باہر کریں گے بس اپنے لیے ہی کھانا پکانا ہے.. آمنہ بیگم بولی

..ہم کیوں ہم دونوں کے خاوند ہیں یہ دونوں بابے ہیں.. نغمہ بیگم تڑخ کر بولی

اتنے میں رخشی بیگم بھی آدھمکی ان میں وہ زیادہ پڑھی لکھی تھی..اس لیے روب بھی زیادہ جھاڑتی تھی..

کیا حال ہے لیڈیز" شوخ سے کپڑے پہنے چنچل سی چال چلتی انکے پاس آئی..

ملک حمید کی بہو ملک نعمان کی بیگم رخشندہ نعمان ملک..

www.novelsclubb.com

لو آگئی پھپھے کٹنی نغمہ بیگم براسامنہ بناتے بڑبڑائی..

کیسی ہیں آپا آپ آمنہ بیگم رشتہ میں چھوٹی ہونے کی وجہ سے انہیں آپا کہتی تو چڑ کھا جاتی..

بھئی یہ آپا کیا ہوتا ہے رخشی بولا کرو..رشتہ میں بڑی سہی ہوں تو تم سے دو سال چھوٹی..وہ برا سا منہ بناتی بولی..

رخشی آج آپ یہاں کوئی کام تھا..آمنہ بیگم بولی..

نہیں فری تھی بچے تو ہیں نہیں گھر سوچا آپ لوگوں کے پاس ہی چلی جاتی ہوں گھر کے بزرگ بھی یہیں ہیں..رخشی نے اتراتے ہوئے کہا اپنے آپ کو ان دونوں سے چھٹے شو کروانے کی اسکی ہوری کوشش ہوتی ہے..

www.novelsclubb.com

ہاہا..بچے تو آج اپنے چاچو کو گھیر کر باہر لے گئے ہیں..آمنہ بیگم ہنستی بولی..

..ویسے اپنے دیور کا کہیں رشتہ ہی دیکھ لو..یا گھر بٹھا کر بڑھا کرنا ہے..رخشی بولی

لاکھوں میں ایک ہے ہمارا ازاویار ایک سے بڑھ کر ایک رشتہ ہے اسکے لیے پروفیسر ہے ..یہاں کی بڑی یونیورسٹی کا مگر وہ شادی کرنے پہ راضی نہیں نغمہ بیگم ترخ کر جواب دیا

اچھا اچھا ازاویار ہم سب کا اکلوتا دیور ہے ہم سب نے مل کر ڈھونڈنی ہے اسکے لئے کڑی ..(لڑکی)..آمنہ بیگم انکو بھڑتا دیکھ بیچ میں آئیں

ملک فیض ہاؤس اور ملک حمید ہاؤس میں بس ایک دیوار کا فاصلہ ہے دونوں کے لان یکساں ہے بس بیچ میں ایک دیوار حائل ہے..اسلیے وہ آپس میں ایک فیملی کی طرح بس ..عورتوں میں یہ کھٹ پٹ معمول ہے

ملک فیض کے بڑے بیٹے امین اور انکی اہلیہ نغمہ بیگم کے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہے.. بڑا بیٹا چوبیس سالہ شجاع امین دوسرا بائیس سالہ اشعر امین اور سولہ سالہ بیٹی تیکھی مرچی ملیحہ امین..

ملک فیض کے دوسرے بیٹے ملک عمر احمد کے دو جڑواں بیٹے ہیں.. عطا عمر اور طاہا عمر

..اور ملک فیض کے تیسرا بیٹا ملک زاویار احمد چھڑے ہیں

ملک حمید کے بڑے بیٹے ملک نعمان اور انکی اہلیہ رخشندہ نعمان انکے دو بچے ہیں بڑا بیٹا جو زین نعمان اور بیس سالہ چھوٹی بیٹی مرحا نعمان اور انکے ساتھ انکی کزن یعنی خالہ جی بیٹی عبیرا فیصل رخشندہ کی بہن کی بیٹی انکی بہن عبیرا کے آٹھ سال کے ہوتے ہی چل بسی تھی اور باپ نے دوسری شادی کرلی یوں پھر عبیرہ کو بھی رخشی نے ہی پالا اکیس سالہ عبیرہ بہت خاموش مزاج لڑکی تھی.. مگر سب کزن اسکا دل لگائے رکھتے تھے.. اسے پرایا محسوس ہونے نہی. دیتے تھے.. مگر اسے لگتا شاید سب اسکے ساتھ ہمدردی کررہے ہیں

www.novelsclubb.com

.. یہ تھے دو ملک ہاؤس اور انکے رہائشی

اب آتے ہیں بچا پارٹی کی طرف

شام کا سائے رات میں ڈھل رہے تھے سورج کو غروب ہوتے عبیرہ نے بڑی د دلچسپی سے دیکھا.. سب جھیل کنارے ہلا گلا کر رہے تھے مگر وہ ہی تھی بس خاموشی سے کنارے لگی بیٹھی تھی.. سب سے الگ تھلک رہنے والی..

وہ لوگ فٹ بال سے کھیل رہے تھے.. دو ٹیمیں بنائی ہوئی تھی انہوں نے.. شجاع. عطا. اور ملیحہ ایک ٹیم میں تھے دوسری سائیڈ زین. طاہا اور اشعر اور مرحا تھے..

خوب ہلا گلا کر رہے تھے..

..زاویار امپائر کی ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا..اور اپنی مرضی کے فیصلہ دے رہا تھا

..چاچو یار کہاں دھیان ہے آپکا اسکا گول نہیں ہوا.. شجاع بولا تھا

..بس کردو چلو کھانا کھائیں

..نہی ہم نے کھیلنا ہے..ملیحہ جو سب میں چھوٹی تھی بولی

..مرچی صبح سکول بھی جانا ہے..زاویار نے اسکے کان کھینچے

www.novelsclubb.com

..چلتا ہوا عبیرہ کے پاس جا بیٹھا

..ہیلو میڈم تم کیا یہاں پتھر بنی بیٹھی ہو..زاویار اسکے پاس بیٹھا تو گھبرا کر بولی

..جج..جی

..کیا ڈر کیوں رہی ہو"زاویار اسے دیکھتا بولا

..نن..نہیں..تو ڈری نہیں بس چونک گئی

www.novelsclubb.com

یار چاچو آپ جیسے جلاد کو دیکھ کر کوئی بھی لڑکی ڈر جائے وہ تو پھر بچاری معصوم سی ہے..

..عطاانکے پاس آتا شرارتی لہجہ میں بولا

زاویار لمبا چوڑا کسرتی جسامت کا مالک تھا.. ہلکی بڑھی ہوئی بئیرڈ تیکھے نین نقش..ماتھے ..پہ بکھرے سیاہ بال وہ بہت پر کشش شخصیت کا مالک تھا

..اچھا اور تو چلغوزے کے چھلکے خود کیا ہے

چاچو بھوک لگی ہے ملیحہ نے آواز دی چلو پھر سامنے ہوٹل پہ سب زاویار نے پتھر سے چھلانگ مار کر اتر گیا..اور سب ہی ہوٹل کی جانب بڑھنے لگے.. مگر عبیرہ ابھی بھی اس بڑے سے پتھر پہ بیٹھی تھی جیسے تیسے کر کے وہ چڑھ گئی تھی مگر اب اترنا محال تھا اسکے لئے..ڈر رہی تھی ایک طرف پانی ہے تو دوسری طرف پتھر وہ کیا ڈر کے مارے اس سے بولا بھی نا گیا کہ اترنا ہے..سب آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہر طرف تاریکی چھا رہی تھی ہمت کرتی چھلانگ لگائی کہ پانی میں جا گرتی اگر زاویار بروقت اسکا ہاتھ نا تھام لیتا..زوردار چیخ مارتے اس نے زور سے آنکھیں بند کر لیں تھی.. مگر اپنا ہاتھ کسی کی گرفت میں آتے بچ جانے کی امید در آئی..سامنے اپنے بچانے والے محسن کو آنکھ

www.novelsclubb.com

کھول کر دیکھنا چاہا جو شاید یہیں تھا اور اسے پوری قوت سے اونچائی کی جانب کھینچ رہا تھا..اس نے بھی ہمت کرتے اوپر آنے کی کوشش کی اور زاویار اسے کھینچنے میں کامیاب ہوا تھا..

عبیرہ زمین پہ آتے ہی زاویار کے سینے سے لگی تھی..ہلکا ہلکا سا کانپ رہی تھی..

عبیرہ تم ٹھیک ہو اسے خود سے نرمی سے الگ کرتے نرمی سے اسکے چہرے کو دیکھتے پوچھا..

www.novelsclubb.com

جی..جی زاویار چاچو تھینکس آپ نے بچا لیا اگر مجھے کچھ ہو جاتا تو" انتہائی معصومانہ انداز تھا..ییلو لانگ فراک پہنے ہم رنگ شفون کا دوپٹہ لئے بالوں کو کھلا چھوڑے موٹی

جھیل سی آنکھیں باریک ستواں ناک گلابی ہونٹ..چہرے پہ بے انتہا معصومیت سجائے ہوئے..

زاویار مسکرایا..

چلو اسکا ہاتھ تھامے وہ آگے بڑھا..

ہوٹل پہ پہنچتے ہی سب اپنی نشست سنبھالے بیٹھے تھے انتظار تھا تو بس ان دونوں کا..

www.novelsclubb.com

وہ بھی اسکے پیچھے چل دی..

زاویار سب کے ساتھ ہوٹل کی جانب بڑھ رہا تھا ..

وہ دونوں بھی وہاں پہنچے..زاویار کے ساتھ چلتے ہوئے اسکا رنگ فق تھا چہرے پہ گھبراہٹ..

اسے کیا ہوا" مرحا بولی..

زاویار نے کرسی کھینچ کے اسے بٹھایا..

تمہاری کزن کو تیرنے کا شوق ہے پانی میں کودنے والی تھی..زاویار مسکراتا اسکی برابر والی نشست سنبھالی..

تیرنے لگی تھی یا خودکشی کرنے والی تھی"..ملیحہ اپنا چشمہ درست کرتی بولی..

..محترمہ گرنے والی تھی.."زاویار بولا

..عبیرہ یار کیا کرتی ہو تمہیں کچھ ہو جاتا نا تو ماما نے مجھے نہیں چھوڑنا تھا.. شجاع بولا

..وہ بس خاموشی سے سر جھکائی بیٹھی رہی

..تھوڑی دیر بعد ویٹر نے کھانا لگانا شروع کر دیا

www.novelsclubb.com

اتنا سارا کھانا یہ بل کون بھرے گا.. طرح طرح کے کھانے ٹیبل پہ دیکھ زاویار تو بول

..اٹھا

..چاچو

..چاچو

..چاچو

..سب نے یک زبان ہو کر صدا لگائی

..دیکھو یہ بہت زیادہ ہے ہاں. "زاویار سیریس انداز میں بولا

www.novelsclubb.com

پروفیسر چاچو.. چھڑے چھانٹ ہو آپکا کونسا خرچہ ہے اتنی زیادہ تنخواہ ہے آپکی ہم پہ خرچ نہیں کریں گے تو اور کس پہ کریں گی.. طٰہٰ نے سب کو دیکھتے کہا..

کونسا گھر والی آئی ہے ابھی تب تک تو ہم پہ نوازش کر دیں.. شجاع بریانی کا چمچ منہ ڈالتا ہوا بولا..

زاویار تو بس انکی باتیں منہ کھولے سنے جا رہا تھا..

تمہاری عمر بھی تو شادی کی ہے جو مجھے باتیں سنا رہے ہو.. شجاع کی بات کا جواب دیتے زاویار بولا..

www.novelsclubb.com

ابھی میری عمر ہی کیا ہے بھلا.. زین کو شوق ہے شادی کا.. زین چپ چاپ بریانی کے ساتھ انصاف کر رہا تھا جب شجاع نے اسکا ذکر کیا تو وہ بھی بول اٹھا..

".. پہلے زاویار برو کی شادی ہو گی پھر میری ان سے پہلے شادی نہی. کروں گا میں"

گائز یہ کیا فضول سا ٹاپک لیکر بیٹھ گئے ہو تم لوگ چپ چاپ کھانا کھاؤ.. پھر گھر.. "

..زاویار نے آواز لگاتے سب کو خاموش کروایا

..آئسکریم کے بعد گھر "ملیحہ جلدی سے بولی

مرچی چپ نہی .رہ سکتی تم "زاویار نے اسے آنکھیں دکھائی.. تو اسنے اپنا چشمہ ٹھیک

..کرتے دانتوں کی نمائش کی

www.novelsclubb.com

..کھانے کے بعد سب کو آئسکریم کھلانی پڑی زاویار کو اور پھر سب گھر کو چل دیے

زاویار کی گاڑی میں ملیحہ مرحا اور عبیرہ بیٹھی تھیں باقی لڑکے اپنی بائیک پہ تھا طاہا اور عطا اپنی بائیک پہ دوسری شجاع اور اشعر اور انکے ساتھ زین الگ بائیک پہ فل سپیڈ پہ وہ بائیک کو اڑاتے لے جا رہے تھے..

ابے آہستہ چلاؤ گر جاؤ گے.."زاویار گاڑی میں بیٹھا چلا کر بولا تھا مگر وہ کہاں سننے والے انکی گاڑی کے آگے پیچھے فل سپیڈ میں بائیک دوڑاتے جا رہے اور باقاعدہ ساتھ ہوٹنگ بھی کر رہے تھے..نون سینس زاویار غصہ سے بولا تب ہی نظر سامنے بیک ویو مرر پہ اٹھی جہاں عبیرہ کا چہرہ دکھائی دیا جو بہت ہی گم سی کھڑکی کیساتھ لگی بیٹھی باہر کے خوبصورت پہاڑوں کے نظارے دیکھ رہی تھی..

www.novelsclubb.com

جبکہ ملیحہ اور مرحا آپس میں کٹر پٹر لگی ہوئی تھی..

..گھر میں وہ سب ایک ساتھ انٹر ہوئے تھے

زاویار تیزی سے غصہ سے باہر نکلا ان کو سبق سکھائے اس سے پہلے کو وہ ان تک پہنچتا وہ

..پانچوں اندر کی طرف بھاگے

..اندر ملک فیض اپنی کرسی پہ براجمان بیٹھے تھے.. حقہ کا کش لے رہے تھے

..دادا جی دادا جی

www.novelsclubb.com

او کی ہو گیا پتر.. دادا جی اپنی بھاری آواز میں بولے

..انکی آواز پہ آمنہ اور نغمہ بیگم باہر آئی

..آئے ہائے میرے بچے "نغمہ بیگم بولتی ہوئی آئی

..تم لوگ مجھ سے بچ کر دکھاؤ زاویار مکا بناتا انکی طرف بڑھا

زین اپنے دادا کی طرف بڑھا اور شجاع اور اشعر اپنی ماں نغمہ کے پیچھے چھپے ..اور طٰہ اور عطا اپنی ماں آمنہ کی پیچھے پناہ لی..

..اماں جی بچا لے آخری بار.. شجاع اور اشعر بولے

www.novelsclubb.com

..ماما لاسٹ ہے نیکسٹ نہیں ہوگا.. طٰہ اور عطا بولے..اپنی کا دیکھتے بولے

..ملیحہ عبیرہ اور مرحا بھی اندر آئی

کیا ہو گیا ہے زاویار کیوں ہو گیا ہے کیوں بچوں پہ غصہ کر رہے ہو..امین صاحب بھی وہاں آئے..

ابا جی بھائی جان یہ لوگ اتنی تیز بائیک چلا کر آئے ہیں اتنے خطرناک راستہ ہیں یہاں اتنی تیز بائیک نہیں چلاتے

..اور ساتھ آوارہ لڑکوں کی طرح شور اور سیٹیاں بجا رہے تھے

www.novelsclubb.com

یہ کوئی بات نا ہوئی بچوں تم لوگ ایسی حرکتیں کرو.."امین صاحب ابا جی کے پاس بیٹھتے بولے..

او کوئی گل نئی چڑدی جوانی ہے جوش تو آئے گا.. ابا جی ہمیشہ کی طرح پوتوں کی سائیڈ لے گئے..

ابا جی سہی کہہ رہے ہیں نغمہ اپنے بیٹوں کر پہ پیار سے ہاتھ پھیرتے بولی..

مگر آپا زاویار ٹھیک کہہ رہا ہے.. آمنہ اپنے بچوں کو غصہ سے گھورتی بولی..

چلو تم سب لوگ جاؤ اپنے کمروں میں.. آمین صاحب بولے.. عبیرہ نے سب بڑوں سے پیار لیا..

www.novelsclubb.com

وہ پھر سے شور کرتے کمروں میں بھاگے

ماشاللہ بہت ہی نیک بچی ہے..اباجی بولے تھے امین صاحب مسکرائے..زاویار کی نظر ..عبیرہ پہ گئی جو آمنہ اور نغمہ کے درمیان کھڑی مسکرا رہی تھی

..زاویار ایک نگاہ ڈالتا اباجی کے ساتھ بیٹھ گیا

زین بچے جاؤ شاباش آئندہ ایسی غلطی نا کرنا..زین کو کہا جو اباجی کے پہلو میں بیٹھا تھا..

..داداجی میری غلطی نہیں اشعر ہی تیز چلا رہا تھا بائیک..زین معصوم بنتے بولا

چلو عبی اور مرحہ چلو گھر..زین نے آواز دی تو عبیرہ اسکے پیچھے ہولی اور وہ تینوں لان ..سے اپنے گھر میں انٹر ہوئے

www.novelsclubb.com

اباجی خوامخواہ انہیں اتنا سر نا چڑھائے اتنی بڑے گدھے ہوگئے اور ڈنگروں جیسی ..حرکتیں ہیں انکی

..او پتر مکھن بیٹا تو بھی بڑا ہی اپنے ویاہ دا سوچ تو..ابا جی بولے

..امین صاحب ہنسے

..نغمہ بیگم اور آمنہ بیگم بھی آ گے آئیں

ایک تو آپ لوگوں کو پتا نہیں کیوں میرے ویاہ دی فکر ہر ویلے پڑی رہتی ہے..میں تنگ آ گیا ہوں..خوش ہوں میں اپنی زندگی میں..وہ کہتا وہاں سے کچن میں چلا گیا اپنے لیے کافی بنانے..

www.novelsclubb.com

..تو سب کو ہنسی آئی پیچھے سے

اوتو شادی کرالے گاتے تینوں کافی بنا کے دینے والی آجائے گی کلا چمچے کھڑکاتا پھرتا ..ہے.. آمین صاحب نے آواز لگائی.. پیچھے سے جو زاویار کے کانو میں پڑی

..میں کلا ای کافی آ" وہ بھی اسی وقت بول پڑا

..نا تنگ کریں بچے کو رات بہت ہو گئی سوئے آپ لوگ بھی

..نغمہ اور آمنہ بیگم چل دی

زاویار اپنے لیے کافی بنا کر کمرے میں آیا تھا کافی کا تھامے وہ بالکنی میں آیا تھا.. باہر چلتی ٹھنڈی ہوا بہت اچھی لگ رہی تھی چاند آب وتاب سے چمک رہا تھا کافی کا سیپ لیتا وہ مڑا تو برابر والے گھر کی بالکنی میں عبیرہ کھڑی تھی.. وہ ہاتھ میں مگ تھامے چاند کو دیکھ

رہی تھی چاندنی روشنی میں اسکا چہرہ دمکتا ہوا دکھائی دیا ایک پل کیلیئے وہ مبہوت سا ہو گیا

..اگلے ہی سر جھٹکتے سامنے دیکھنے لگا کچھ پل بعد پھر سر گھمایا تو بالکنی خالی تھی

.. عبیرہ کی نظر زاویار پہ پڑی تو جلدی سے کمرے میں گئی

.. مرحا تو بستر پہ لیٹ چکی تھی سونے کے لئے

عبی یار سو جاؤ صبح پروفیسر صاحب سر پہ کھڑے ہوں گے یونی بھی نہیں لے کر جائیں

.. گے اگر تیار نا ہوئے تو

www.novelsclubb.com

.. اچھا بس میں یہ چائے ختم کرو.. عبیرہ اپنے بستر پہ آ کر بیٹھ گئی

.. عابی جلدی جلدی کرو چاچو ویٹ کر رہے ہیں باہر

..زاویار ہارن ہارن دیے جا رہا تھا

..مرحا عبیرہ سے بولی جو جلدی جلدی بکس اٹھا رہی تھی

..پتا نہیں انہیں جلدی کس بات کی ہوتی ہے.. عبیرہ منہ میں بڑبڑاتے باہر نکلیں

..مرحا فرنٹ سیٹ پہ اسکے ساتھ بیٹھی اور عبیرہ پیچھے

www.novelsclubb.com

کتنا بار کہا ہے ٹائم پہ تیار ہوا کرو.. تم لوگوں کی وجہ سے لیٹ ہو جاتا ہوں.. غصہ میں کہتے اس نے گاڑی اسٹارٹ کی

ایم سوری چاچو.. یہ عبیرہ ہی دیر کروا دیتی ہے".. مرحا نے سارا الزام عبیرہ کے سر "
..ڈال دیا

..میں کب کے تم نہیں اٹھتی ہو جلدی "عبیرہ نے صدمہ سے کہا تھا

بس.. کل اگر ایک منٹ بھی دیر کی نا تو چھوڑ کر چلا جاؤں گا.. انگلی سے اشارہ کرتے
..انہیں وارن کیا

www.novelsclubb.com

..تو دونوں چپ ہو گئی

..عبیرہ نے ونڈو کی طرف منہ موڑ لیا مرحا کی اچھی طرح خبر لینے کا ارادہ کیا

..زاویار کی نظر بیک ویو مرر سے عبیرہ پہ گئی..جو باہر کے نظاروں میں کھوئی ہوئی تھی

..سائیکو پتہ نہیں کیا سوچتی رہتی ہے" اسے باہر کھویا ہوا دیکھ وہ منہ میں بڑبڑایا

..کچھ ہی دیر میں وہ یونیورسٹی پہنچ گئے

..مرحا اپنی کلاس کی طرف بھاگی

..جبکہ عبیرہ اور زاویار کو ایک ہی کلاس میں جانا تھا

www.novelsclubb.com

..یہ بکس لے کر جاؤ کلاس میں گاڑی لاک کر کے آیا

..اپنی بکس عبیرہ کے حوالے کر دی

..وہ کلاس کی طرف چل پڑی

وہ گاڑی لاک کر کے لمبے لمبے ڈگ بھرتا عبیرہ کے برابر پہنچ گیا اور دونوں ایک ساتھ

..کلاس میں انٹر ہوئے

..سب اسٹوڈنٹس کلاس میں موجود تھے

..گڈ مارننگ سر

. زاویار کو دیکھتے سب نے کہا

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

عبیرہ نے زاویار کی بکس اسکے ڈیسک پہ رکھی اور سامنے والی چیئر پہ بیٹھ گئی جو اسکی.

.. مخصوص تھی

.. گڈ مارننگ .. ہیو آ سیٹ

وائٹ شرٹ بلیک ویسکوٹ پہنے اور ساتھ بلیک ہی پینٹ پہنے چھ فٹ سے نکلتا قد..

چوڑی جسامت تیکھے نین نقش.. چھوٹی آنکھیں.. سیاہ گھنے بالوں کو طریقہ سے سیٹ

.. کیئے.. اپنی تمام تر مردانہ وجاہت لئے وہ بہت ہی ہینڈسم لگ رہا تھا

.. لڑکیاں تو اسے دیکھتے ہی مر مٹ جاتی تھی مگر وہ کسی کا گھاس نا ڈالتا

www.novelsclubb.com

.. تیس سالہ ملک زاویار احمد اس یونیورسٹی کا خوبصورت پروفیسر مانا جاتا تھا

ہئے عبیرہ ہاؤ لکی تم انکے ساتھ رہتی ہو..ہی از سو ہینڈ سم مین "اسکے ساتھ بیٹھی اسکے کلاس فیلو نے کہا..

جی نہیں میں اپنے گھر میں رہتی ہوں.. "انکا برابر والا گھر ہے.. "عبیرہ نے چڑ کر کہا پتا نہیں اب ایسا بھی کیا ہے ان میں جو مری ہوئی ہیں "آخری بات اس نے بس وہ سوچ سکی..

تو ایک ہی بات ہوئی نا "دوسری لڑکی نے کہا تو سب لڑکیاں ہنس دی..

www.novelsclubb.com

تمہارے پاس نمبر تو ہوگا سر زاویار کا پلیز مجھے چاہئے.. "ایک اور لڑکی نے سدا لگائ جو حلیہ سے کافی ماڈرن تھی..

آئی تھنک وہ ہمارے استاد ہیں اور انکا احترام کرنا فرض ہے ہم پر.. یہ چیپ حرکتوں کو وہ بلکل بھی پسند نہیں کرتے.."عبیرہ نے کتابیں سمیٹ کر بیگ میں ڈالی اور چلتی بنی..

عبیرہ کو باہر نکلتے ہی مرحا نظر آئی..

دو منٹ میں اسکے سر پہنچی..

مرحا کی بچی.."اسکی کمر پہ ہاتھ میں پکڑی بکس جڑ دی..

ہائے ظالم کمر توڑ دی.."مرحا نے کمر پہ ہاتھ رکھتے دہائی دی..

www.novelsclubb.com

تو تمہارے کرتوت ہی ایسے ہیں.. کیوں جھوٹ بولا سر سے تم نے "عبیرہ غصہ سے بولی..

ارے بھئی میں چاچو کے ساتھ بیٹھی تھی اور تم انکی پہنچ سے دور تھی اس لئے خود کو بچانے کے لئے کہا.. "

ہاں مجھے نکما ثابت کرو گی.. وہ موڈ بناتی بیٹھ گئی اسکے ساتھ..

@@@@

دھیرے_دھیرے_سے_میری_زندگی_میں_آنا#

عائشہ_نور#

قسط نمبر 2#

..یونی سے گھر پہنچے تو گھر میں ہلچل سی مچی ہوئی تھی

.. پتا چلا کہ پھپھو حمیرا آئی ہیں اپنی دونوں صاحبزادیوں کے ساتھ

عبیرہ اور مرحا لان کے دروازے سے اپنے گھر داخل ہوئی اور زاویار سامنے اپنے گھر

..میں انٹر ہوا

. اسلام علیکم پھپھو.."دونوں ایک ساتھ سلام کرتی پھپھو کے گلے لگی

.. ..پھر ساتھ کھڑی انکی بیٹی رانیہ اور شزا سے ملی

www.novelsclubb.com

جاؤ بچیوں جلدی نال چینج کر کے آؤ کچن میں میرے ساتھ ہیلپ کراؤ..رخشی بیگم

..جلدی سے بولی..وہ دوپہر کے کھانے کا اہتمام کر رہی تھی

WWW.NOVELSCLUBB.COM

..وہ انکی بات مانتی فوراً کمرے کی جانب بڑھ

..دیکھا کیسے تیرے بھائی پہ لڑکیاں لائن مارتی ہے

طٰہٰ فرضی کالر جھاڑتا ہوا بڑے شان سے کہہ رہا تھا اسکے پیچھے چلتے اشعر اور عطا نے اسکی

..بھڑکیوں پہ کوئی دھیان نا دیا تینوں کاندھے پہ بیگ ڈالے یونیورسٹی سے آرہے تھے

www.novelsclubb.com

..اور سامنے دروازے پہ زاویار سے ٹکراؤ ہوا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

تم لوگ پڑھائی کرنے جاتے ہو یا دوسروں کی لڑکیاں تاڑنے دونوں ہاتھ باندھے وہ زرا سخت لہجہ میں کہہ رہا.. براؤن ٹی شرٹ کیساتھ بلو جینس پہنے ہوئے.. زاویار نے انکی کلاس لینے کے ارادے سے کھڑا تھا..

چاچو ہم تو معصوم بچے ہیں بس پڑھنے ہی جاتے یہ طاہا ہے جو لڑکیوں کے پیچھے بھاگتا ہے.. عطا نے معصوم بنتے کہا..

میں نہیں لڑکیاں میرے پیچھے بھاگتی ہیں جس سے بات کرلو پہلے نمبر دیتی ہیں.. طٰہ نے شان بے نیازی سے کہا..

www.novelsclubb.com

شکل تو تمہاری عارف لوہار کے چمٹے جیسی ہے.. اور لڑکیاں تمہیں نمبر دیتی ہے.. "زاویار نے اسکی خوب کی..

..عطا اور اشعر کی دبی دبی سی ہنسی نکلی

یونیورسٹی کا سب سے ڈیشنگ بندا مانا جاتا ہوں" اپنی بے عزتی کو بالائے طاق رکھتے

..دونوں ہاتھوں کو پھیلاتے اپنی بڑائی بیان کرتے سیڑھیاں چڑھ گیا

..اب منہ نیوے کرتے وہ دونوں بھی وہاں سے نکل گئے

یہ پڑھائی کے نام پہ جو تینوں کرنے جاتے ہو پٹو گے مجھ سے"..انکے پیچھے سے آواز

لگائی زاویار نے

www.novelsclubb.com

چاچو خود تو سنگل ہے ہی ساتھ ہمیں بھی سنگل ہی رکھے گے.."طٰہ نے کمرے میں آتے اپنا بیگ اچھال کر پھینکا تھا بیڈ پہ..اور شوز کے اسٹریپس کھولتے ایک ادھر دوسرا ادھر..

..پیچھے عطا اور اشعر بھی روم میں انٹر ہوئے

..یہ کیا پورے کمرے میں گند کر دیا..عطا نے آتے اسے لتاڑا

ہاں باہر کیسے بتیسی نکل رہی تھی تم لوگوں کی.."اس سے گندے تم لوگ لگے مجھے یار بندہ کوئی ساتھ ہی دے دیتا ہے مگر نہیں کھسک کر چاچو کی پارٹی میں چلے جاتے مجھ ..ہینڈسم سے غریب کو اکیلا چھوڑ کر

..تو تو باز آجا.. شکر ہے چاچو کی یونیورسٹی میں ایڈمیشن نہیں لیا.."عطا بیڈ پہ بیٹھتا بولا

..اگر لے لیتے تو تم لوگوں کی عیاشیاں کہاں ہونی تھی..اشعر بھی انکے ساتھ بیٹھتا بولا

یہ پڑھائی وڑائی میرے بس سے باہر ہے اپن نے تو انجوائے کرنا بسس..طٰہ نے ہاتھ کھڑے کرتے کہا

اس بار اگر تم دونوں کے مارکس کم آئے نا پہلے آمنہ چاچی نے تم دونوں کا پھینٹا لگانا ہے پھر آپکے ابا حضور چاچو عمر نے اور پھر زاویار چاچو تو ہے ہی.."اشعر نے ان جوڑوں کو ..ڈرانا چاہا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں تو ہے پڑھا کو پڑھنے کیلئے "ہمیں تو دادا جی ہے ہی بچانے کے لیے" طٰہٰ نے عطا کے کاندھے پہ سر رکھتے کہا..

اشعر کھڑا ہو گیا.. "دادا جی کی شہ پہ بچے ہوئے ہو اس بار نہی بچنا" اشعر نے کہتے انکے کمرے سے نکل کر اپنے کمرے میں آیا..

🥀🥀🥀

عبیرہ پتر جا کے نال سے اپنی تائی نغمہ سے برتن کا سیٹ تو لے آ..

www.novelsclubb.com

عبیرہ سالاد کاٹ رہی تھی تب رخشی بیگم اسے پیار سے بولی..

..جی خالہ ابھی لائی

..وہ کہتی چلی گئی

سب ینگ پارٹی اس وقت ڈائننگ ٹیبل پہ بیٹھی ہوئی تھی جب آمنہ اور نغمہ بیگم ان کے ساتھ کھانا لگا رہی تھی..

تیکھے مرچی ماما کے ساتھ ہیلپ ہی کر وادیا کرو.."طٰہ بول رہا تھا جب زاویار کی انٹری ہوئی..

www.novelsclubb.com

..تمہارے ہاتھ ٹوٹے ہوئے ہیں"تم نہیں اٹھ سکتے"وہ آتے اپنی کرسی سنبھالے بیٹھا

..بس بس ہو گیا تم لوگ شروع کرو..آمنہ بیگم نے آتے اسے انہیں ٹوکا

..اسلام علیکم چچی.."عبیرہ نے آتے سلام کیا

..وعلیکم السلام "کیسی ہو عبیرہ..آمنہ بیگم نے مسکراتے جواب دیا

" ٹھیک ہوں وہ رخشی خالہ نے بھیجا ہے ڈنر سیٹ لینے کیلئے

..اچھا میں نکالتی ہوں "کہتے وہ کچن میں چلی گئ

www.novelsclubb.com

..کم عبیرہ جوائن کرو ہمیں "اشعر نے کہا

..نو تھینکس ہمارے گھر میں بہت اچھا کھانا پکا ہے.. "عبیرہ نے ہنستے کہا

.. کیا پکا ہے طٰہ بولا

بریانی چکن کورمہ شامی کباب رائتہ.. کھیر "عبیرہ سب چیزوں کی گنتی کروانے لگی

بس بس لڑکی تمہارے رشتہ والے آئے ہیں" .. عطا نے اسے مزید بولنے سے روکا

..اسکے منہ میں پانی آ گیا تھا

www.novelsclubb.com

.. نہیں" پھپھو حمیرا اور نجی بیٹیاں آئی ہیں.. "عبیرہ نے نہیں پہ زور دیتے کہا

عبیرہ بیٹے یہ سیٹ اٹھالو میں نے نکال دیا دھیان سے لیکر جانا..آمنہ بیگم نے کچن سے آواز لگائی..بلیک سوٹ کے ساتھ بلیک شفون کا دوپٹہ گلے میں ڈالے زاویار کے پاس سے گزری کہ ہوا میں لہراتا دوپٹہ زاویار کے سر سے گزرا..زاویار کو منہ کو جاتا نوالہ والا ہاتھ وہیں رکا..

کپڑا تو سنبھال لیا کرو اپنا"اس نے چڑ کر کہا..

سوری زاویار چاچو" جلدی سے دوپٹہ کے کنارے اپنی مٹھیوں میں بھینچے بولی..

www.novelsclubb.com

زاویار "اس میں غصہ کرنے والی کیا بات ہے" جاؤ عبیرہ تم "کچھ نہیں ہوتا"اور ینگ پارٹی کی دبی سی ہنسی نکلی تھی..زاویار نے سب کو غصیلی نگاہ سے دیکھا تھا سب اپنی پلیٹ کی طرف جھکے "نغمہ بیگم نے اسے ٹوکا..عبیرہ فٹ سے وہاں سے نو دو گیارہ ہوئی..

اپنی تو جیسے تیسے کٹ جائے گی آپکا کیا ہو گا جناب عالی.."طٰہ نے گنگنایا..زاویار جو پہلے سے جلا بیٹھا تھا..

تم چپ کر کے کھانا نہیں کھا سکتے"زاویار نے دانت پیستے کہا..

کھا رہے ہیں آپ کے جذبات منتشر کر دیے کالے دوپٹہ نے ویسے یہ دوپٹہ لال ہونا چاہیے تھا وہ بھی چاچی کا..طٰہ اپنی ہوئی بے عزتی کا پورا بدلہ چکا رہا تھا..

ویسے یہ جمیلہ آنٹی کی شادی نہیں ہوئی ابھی تک تائی امی"طٰہ چاول کا چمچ بھر کر منہ میں ڈالا..

نہیں َ کہاں ویاہ ہونا ہے اسکا عمر نکال دی بس اچھے رشتہ کے چکر میں اب بیٹھی ہے منہ چک کے "نغمہ بیگم بولی..

تو پھر ہمارے چاچو کی بھی تو عمر آدھی تو نکل چکی ہے پھر کیا خیال ہے "رب نے ملا دی جوڑی "عطا نے بھی زاویار کو تنگ کرنے کا موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا..

چپ کرو بد معاش.. چاچو ہے تمہارا چھوٹا بھائی نہیں ہے کیسے لگے پڑے ہو "آمنہ نے انہیں ٹوکا..

www.novelsclubb.com

بھابھی میری چھوڑیں اپنے لڑکوں کے لئے لڑکی ڈھونڈ لیں "میں نے تو کاٹ لی آدھی زندگی اکیلے "انکی تو سال بھی گزر تا دکھائی نہیں دے رہا.. زاویار اپنا کھانا ختم کرتا اٹھ تھا..

چاچو ہم نے قسم کھائی ہے آپکی شادی سے پہلے ہم شادی پر گز نہیں کریں گے..اشعر نے جذباتی ہونے والے انداز میں کہا.. "

خود تو انہوں کنوارہ ہی رہنا ہے اور ساتھ ہمیں بھی کنوارہ ہی رکھے گے میں اپنی قسم واپس لیتا ہوں "زاویار کے جاتے ہی طٰہ بول پڑا..

کھانا کھالیا ہے اب جا کر کمرے میں تیاریاں کرو پیپر سر پہ ہے..آمنہ بیگم غصہ کرتے بولی..

"ماما

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

..چپ "ایک لفظ نہیں سننا میں نے اور اٹھو "اب وہ تھوڑا اونچا بولی

" تو وہ خاموشی سے اٹھ گئے

ملی یہ کھانا کھانا ہے کب سے چمچ اوپر نیچے کئے جا رہی ہے "اب نغمہ بیگم ملیحہ پہ چڑ دوڑی

" .. مجھے نہیں کھانا وہ کوفت سے بولی

www.novelsclubb.com

"نہیں کھانا تو یہ سارے برتن اٹھا کر کچن میں رکھ کر آؤ

..کام کے نام پہ ملیحہ کی جان نکلی

ماما کل میرا ٹیسٹ ہے"اس نے بہانا بنایا

نغمہ بیگم نے اسے گھور کے دیکھا..بس کام کے نام پہ ٹیسٹ یاد آجائے ہیں چل دفع ہو"
..وہ غصہ سے برتن پٹک پٹک کر اٹھانے لگی

بچی ہے بھابھی ابھی اس پہ بوجھ ناڈالے سب سیکھ جائے گی"آمنہ بیگم بھی انکی مدد
..کرواتے بولی

www.novelsclubb.com

"بس بچی کہہ کر ہی سر پہ چڑھایا اور دو سال ہیں اسکی شادی کی فکر لاحق ہو جانی ہے

اباجی سویر کے گئے ہوئے چاچے حمید کے گھر ابھی تک نہیں واپسی آئے اب پتہ نہیں

.. کھانا یہاں کھانا ہے یا وہیں کھالیں گے .. آمنہ بیگم نے بات بدلتے کہا

..ماشاللہ کھانا تو بہت اچھا تھا .. پھپھو حمیرا نے تعریف کرتے رخشی بیگم سے کہا

شکریہ آپا" عبیرہ اور مرحا ٹیبل سے برتن اٹھا رہی تھی اور ساتھ میں رانیہ اور شزا بھی

.. ہیلپ کروا رہی تھی

www.novelsclubb.com

..اباجی "تسی پنڈ (گاؤں) آتے نہیں اب حمیرا شکوہ کرتے بولی

اوپتر جی اب کہاں بڑھی ہڈیوں میں دم ہوتا ہے سفر ہوتا نہیں ویسے تو نے اچھا کیا آ گئی

" ..اور بچیوں کو بھی نال لے آئی ماشاللہ جوان ہو گئی ہیں

اوپتر میرا بڑا دل چاہتا ہے میں اپنے ماں زمین اپنی پنڈ آؤں پر اب حمیدے کی گل بلکہ

.. سہی ہے کہاں دم ہے بڑھی ہڈیوں میں "ملک فیض بھی بولے

تایا جی آپ لوگوں کو بڑھا کون کہتا آپ تو ماشاللہ سے ابھی بھی جوان ہی ہو آپ

.. دونوں .. حمیرا نے تعریفی کلمات کہے ان کے لئے تو دونوں کی باچھیں کھل اٹھی تھی

" اسلام علیکم آپا "زاویار بھی وہاں چلا آیا ان سے ملنے

" وعلیکم السلام "میرا ویر کتنا سوہنا ہو گیا ہے "حمیرا اٹھ کر ملی تھی زاویار سے

..کیوں پہلے کیا خراب دکھتا تھا" زاویار بیٹھتے ہنستے بولا

نامیر اویر شروع سے ہی اپنا سوہنا ہے تو اب تو کجھ زیادہ ہی روب آگیا کہیں منگنی شنگنی کو نہیں کرالی یا کوئی کڑی ہتھ آگئی.. " پھپھو مزاحیہ انداز میں بولی تو سب ہنس پڑے سوائے زاویار کے

..بس اب ایک آپ رہ گئی تھیں طعنہ مارنے والی" وہ خفگی سے بولا

"ہاہامیں مذاق کررہی سی" تو دل تے نا لے

..چائے" عبیرہ چائے لئے حاضر ہوئی سب کی جانب کپ بڑھایا

زاویار کی طرف کپ بڑھایا..زاویار نے سرسری نگاہ اسکے چہرے پہ ڈالی چائے پکڑنے لگا کے عبیرہ کے ہاتھ سے کپ چھوٹ گیا.

شٹ "زاویار ایک دم سے گڑبڑا کر اٹھا چائے اس پہ تو نہیں گری تھی مگر اس پہ چھینٹے پڑے تھا..اور عبیرہ کا ہاتھ جل گیا..

پاگل تو نہیں ہو گئی..زاویار نے اسکا ہاتھ تھام کر آگے کیا..سفید ہاتھ سرخ پڑ چکا تھا ضبط کی شدت سے چہرہ بھی لال ہوا تھا..

www.novelsclubb.com

بچے خیال رکھا کرو ہاتھ جلا لیا.."ملک فیض نرمی سے بولے..

مرحا" جلدی آؤ باہر..زاویار نے کھڑے کھڑے آواز لگائی مرحا کو تو وہ فوراً بھاگی چلی آئی..

..لیکر جاؤ اس سائیکو کو آئنٹمنٹ وغیرہ لگاؤ

ابھی بھی اسکا ہاتھ پکڑے کھڑا تھا..اسے مرحا کی جانب بڑھایا

..پتر بچی کا ہاتھ جلا ہے اور تم کیسے بات کر رہے تھے اس سے" ملک حمید بولے

www.novelsclubb.com

..زاویار بچی ہے" حمیرا بیگم بھی بولی

WWW.NOVELSCLUBB.COM

..میں چینج کرنے جارہاہوں..اسے غصہ آرہا تھااس لئے وہاں جانا ہی بہتر سمجھا

" کچھ زیادہ نہیں غصہ آنے لگ گیا اسے "اسکے جاتے ہی حمیرا بیگم بولی

..بس ایسے بچوں کو بھی ٹکنے نہیں دیتا ہر وقت کی روک ٹوک.."ملک فیض بولے

"ویاہ کرائیں اسکا غصہ ٹھنڈا ہو

www.novelsclubb.com

ہائے آپی کیسے اتنا ہاتھ جلالیا تم نے..مرحا اسکے آئنٹمنٹ لگارہی تھی..شزارانیہ دیکھتی

..بولی

زاویار چاچو کو چائے دے رہی تھی انہوں پکڑی نہیں سہی سے کہ میرے ہاتھ سے کپ چھوٹ گیا..ایک غلطی بھی خود کی اور مجھے سائیکو بھی بول دیا" عبیرہ کے بولتے ہوئے آنسو نکل رہے اسے بہت جلن ہو رہی تھی..

اب کیا میں پاگل دکھتی ہوں سب کو" وہ صدمہ سے بولی..

ارے نہیں پاگل چاچو کی دماغ خراب ہو گیا ہے" مرحا نے اسے گلے لگاتے بولا..

www.novelsclubb.com

عابی تم اب آرام کرو مرحا اگر کوئی کام ہو ہمیں بلا لینا آؤ شزا ہم نانا فیض کے گھر چلتے ہیں....رانیہ شزا کو لئے چل دی

تم لیٹ جاؤ میں تمہارے جوس لاتی ہوں" مرحا کہتے باہر چلی گئی..اور عبیرہ تکیہ کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھ گئی.."تم پاگل تو نہیں ہو گئی..لے کر جاؤ اس سائیکو کو"زاویار کے الفاظ ابھی اسکے کانوں میں گونج رہے تھے..خود ہیں سائیکو"سہی کہتا ہے طٰہ شادی ..نا ہونے کی وجہ سے دماغ خراب ہوتا جا رہا ہے

🥀🥀🥀

..اسلام علیکم مامی جان"دونوں نے ایک ساتھ سلام کیا

..آمنہ اور نغمہ بیگم کو

www.novelsclubb.com

..وعلیکم السلام اب آ رہی ہو ہمارے گھر صبح کی آئی ہوئی ہو..نغمہ بیگم بولی

بس مامی جی پہلے کچن میں رخشی مامی کی ہیلپ کروائی پھر کھانا کھایا اور اب عبیرہ کے پاس سے آرہے اسکا ہاتھ جل گیا" رانیہ نے اسے سارا احوال بتایا..

ہائے کیا ہوا عبیرہ کو کیسے جلا اسکا ہاتھ دوپہر میں تو چنگی بھلی تھی.. آمنہ بیگم اور نغمہ دونوں کو فکر ہوئی..

وہ چائے دے رہی تھی سب کو اور اسے ہاتھ سے کپ چھوٹ گیا.. اور زاویار ماموں نے بھی اسے ڈانٹ دیا.. شزا بولی..

www.novelsclubb.com

یہ زاویار بھی نا اچھا بھی میں جاتی ہوں عبیرہ کا پتہ کرنے آمنہ بیگم کہتی اٹھ گئی.

اچھا ٹھیک ہے جاؤ شجاع کے بھی آنے کا ٹائم ہو گیا ہے.. نغمہ بیگم بولی.. تو وہ چلی گئی..

" ..بیٹا بیٹھو سہی میں چائے بناؤ تم لوگوں کے لئے

.. نہیں آنٹی چائے تو ابھی ہی پی ہے بس "رانیہ انکار کرتی بولی

..آنٹی باقی گھر کے افراد کہاں ہیں

" سب گھر ہی ہیں اپنے اپنے کمروں میں پڑھائیاں کر رہے ہیں پیپر سر پہ ہیں

www.novelsclubb.com

..ہم ملیحہ سے مل لیتے ہیں "رانیہ اور شزا سیڑھیوں کی طرف بڑھی

.. سیڑھیوں پہ انکا ٹکراؤ عطا اور طٰہ سے ہوا

..ہائے لیڈیز"انہیں دیکھ کر طٰہ بولا

ہائے"رانیہ نے جواب دیا..دونوں بہنوں نے ایک جیسے کپڑے پہنے ہوئے گول دامن والی قیمض کیساتھ گھیر والی شلوار کے ساتھ گلے میں ڈالے ریشمی دوپٹہ..لمبے بالوں کی چوٹی بنائی آگے کو کیے ہوئے

طٰہ اور عطا کون ہیں دونوں میں سے شزا دونوں کو دیکھ کنفیوز ہوئی دونوں کے فیس فیچرز تقریباً سیم تھے ایک نے بال لمبے رکھے ہوئے تھے اور دوسرے نے چھوٹے بالوں کی ..ہیئر کٹ کی ہوئی تھی

..مجھ کو پہچان لو میں ہوں کون"گیس کر لو طٰہ بولا

..تمہارا چمٹے جیسا منہ ہے تو تم طٰہ ہوئے طٰہ کے بال لمبے تھے

اور یہ عطا ہے جو دکھنے میں انسان لگتے ہیں "رانیہ نے پہلے طٰہ کو دیکھا پھر عطا کو دیکھتے کہا

..عطا کا زوردار قہقہہ نکلا طٰہ کی بے عزتی پہ

..تو تم کیا ہو بل بتوڑی ناسا چوڑی "طٰہ نے ناک چڑھاتے غصہ سے کہا اور نکل گیا

www.novelsclubb.com

..رانیہ اور شزا ہنس رہی تھی

ایکس کیوزمی لیڈیز میرے بھائی کو ناراض کر دیا.. "عطا نکے پاس سے گزرتا باہر چلا گیا..

..چلو ملیحہ کے کمرے میں

..ہائے" دونوں ملیحہ کے کمرے میں گئ وہ اسے دیکھتے خوش ہوئی

..ہائے" آپی کیسی ہو

www.novelsclubb.com

ہائے کی بچی ملنے نہیں آئی تم ہمیں ہم خود ہی آ گئے

..رانیہ اسکے سر پہ چت ماری بولی

رانیہ کمرے سے باہر آگئی سیڑھیاں اتر رہی تھی کہ.. شجاع تیزی سے سیڑھیاں چڑھتے اوپر آرہا تھا کاندھے پہ بیگ لٹکائے..ایک دم سے رانیہ کو دیکھ بریک لگائی ورنہ ضرور ٹکر ہو جانی تھی..

اسلام علیکم..رانیہ نے فٹ سے سلام ٹھوکا..

وعلیکم السلام تم کب ٹپک پڑی..میرا مطلب کب آئی" شجاع وہیں کھڑا اس سے بولا..

www.novelsclubb.com

بس آج ہی امی اور شزا بھی آئی ہیں.." رانیہ نے مسکراتے جواب دیا..

آپ ابھی آئیں ہیں جاب سے چائے لاؤں آپکے لیے" وہ جانے لگا پھر سے رانیہ بولی..

..نو تھینکس ماما بنا رہی ہیں چائے آپ گیسٹ ہے" وہ زبردستی مسکراتا بولا اور چلا گیا

..رانیہ سیڑھیاں اترتے سیدھے نغمہ بیگم کے پاس آئی

" .. شجاع بھائی آئے ہیں

"ہاں ابھی آیا ہے اسی کے لئے چائے بنائی ہے جاؤ دے آؤ

www.novelsclubb.com

..مم..میں" وہ چونک کر بولی

..ہاں یہاں تم ہی کھڑی تمہارا بھوت نہیں" وہ چائے اسکی طرف بڑھاتی بولی

مجھے عبیرہ بچی کا بھی پتہ کرنے جانا ہے اور یہ آمنہ ابھی تک نہیں واپس آئی.. باتوں پہ لگ گئی ہو گی..

"رانیہ چائے لئے شجاع کے کمرے میں چل دی

دروازے پہ ناک کیا اجازت ملنے پہ کمرے کے اندر داخل ہوئی.. شجاع شرٹ لیس تھا وہ سمجھا ماما ہو گی رانیہ کو دیکھ ٹھٹکا اور فورا سے بیڈ پہ پڑی شرٹ آٹھا کر پہننے لگا.. رانیہ نے اسے دیکھتے ہی سر جھکا لیا تھا..

www.novelsclubb.com

میں نے تم سے منع کیا تھا..ماما بنا رہی ہے چائے میں آرہا تھا نیچے خود لینے..دانت پیستے ..اس نے کہا تھا غصہ تو بے انتہا آیا اس پہ مگر ضبط کر گیا

ایم سوری لیکن مامی جی نے خود بھیجا تھا.. قسم سے چائے انہوں نے ہی بنائی ہے..وہ عبیرہ کا ہاتھ جل گیا نا تو وہ رخشی مامی کے گھر گئی ہیں.."وہ شرٹ پہن چکا تھا..اسے ..دیکھتی بولی اور جلدی سے چائے ٹیبل پہ رکھتی باہر نکل آئی

افف رانیہ کیا ضرورت تھی تمہیں اس ایڈیٹ کے کمرے میں جانے کی شکل کیسی سڑے ہوئے ٹماٹر کے جیسی بنائی ہوئی تھی اپنا سوہنا وی نئی ہے جو اتنا اتراتا ہے..خود ..سے بڑھ بناتے وہ سیڑھیاں اتر رہی تھی جب پھر اسکا سامنہ طٰہ سے ہوا

" ..او چھپکلی تو ابھی تک ادھر ہی ہے

www.novelsclubb.com

چھپکلی کسے کہا اور اپنی شکل دیکھی ہے آئینہ میں چمٹا بجانے والے لگتا ہے.." کہتی وہ اسکے پاس سے تیزی سے سیڑھیاں پھلانگ گئی..

چال تو باندری جیسی ہے" آخری سیڑھی پہ پہنچی تو اس نے پیچھے سے ہانک لگائی..

رانیہ نے مڑ کر اسے کڑے تیور سے دیکھا تھا..

چمٹا" کہتے ہی بھاگی..

www.novelsclubb.com

اشعر اور عطا بھی آرہے تھے سامنے سے..

یہ کہاں سو کی سپیڈ سے بھاگ رہی ہے.. اشعر بولا..

وہ سامنے اپنا شہزادہ..اوپر کی سیڑھی پر طہٰ کھڑا نظر آیا..عطا بولا

ابھی کچھ دیر پہلے بھی عزت افزائی ہوئی ہے اسکی رانیہ کے ہاتھوں..دونوں ہنس کے آگے بڑھے..

" اب نیا ڈرامہ لگنے والا ہے" جب بھی آئی سوکنوں کی طرح ہی لڑتے ہیں

🥀🥀🥀

www.novelsclubb.com

ہائے میری بچی اب احتیاط کری ہیں کوئی کام نہیں کرنا کل یونیورسٹی سے بھی چھٹی لے لی.."نغمہ بیگم پیار سے بول رہی تھی وہ سب بڑوں کے درمیان گھری ہوئی تھی..شزا رانیہ اور ملیحہ بھی انکے ساتھ کھڑی تھی..

میرا ابھی پچھلے دنوں ہاتھ جلا تھا..اتنا تو میرا کسی نے نہیں پوچھا سب نے جتنا عبیرہ عبیرہ ..ہورہی ہے..ملیحہ منہ بڑبڑاتے اپنے پورشن کی طرف چل دیں

..سامنے زاویار حال میں بیٹھا ٹی وی دیکھ رہا تھا

..ملیحہ انکے پاس آکر بیٹھ گئ

یہ بھابھی کہاں غائب ہے سب "اور تم کہاں سے آرہی ہو.."زاویار نے پوچھا دھیان ..سارا ٹی وی پہ تھا

www.novelsclubb.com

سب عبیرہ کے پاس ہیں اسکا ہاتھ جو جلا ہے آپکی وجہ سے"ملیحہ اپنا چشمہ سیدھا کئے ..بولی

یہ ٹھیک ہے محترمہ کا خود تو دھیان نہیں تھا اور ولن مجھے بنا دیا اس ڈرامہ کا" وہ ماتھے پہ تیوری چڑھا کے بولا.. تب ہی نغمہ اور آمنہ بیگم آئی ..

ہو گئی تیمارداری تو گھر پہ بھی توجہ دے لیں شام ہونے کو آئی ہے اور آپکو کوئی فکر ہی نہیں کوئی کھانے پینے کی ..

تمہیں کوئی احساس بھی ہے بچی کا ہاتھ جلا ہے بجائے اسکے مرحم پٹی کرنے کے تم اسے ڈانٹ کر چلے آئے "آمنہ بیگم بولی..

www.novelsclubb.com

ایک تو چائے بھی تیری وجہ سے گری اسکے ہاتھ پہ "نغمہ بیگم نے اسے دیکھتے کہا زاویار تو کھڑا ہی ہو گیا اپنی جگہ سے ..

اتنا بھی ہاتھ نہیں جلا میڈم کا جائزہ لیا تھا میں نے بس لال ہی ہوا تھا وہ بھی صبح تک صحیح ہو جائے گا اب کیا ایمر جنسی لے جاتا اسے "اور میری وجہ سے خود کو دھیان کہاں تھا اسکا" زاویار کا تو پارہ ہائی ہو گیا..

کس بات پہ دیور بھابھی آج آمنے سامنے ہیں "ملک امین صاحب نغمہ بیگم کے شوہر اور ملک عمر صاحب آمنہ بیگم کے شوہر دونوں ایک ساتھ گھر داخل ہوتے بولے تھے..

وہ عبیرہ آپی کا ہاتھ جل گیا ہے چاچو زاویار کی وجہ سے "ملیحہ فٹ سے بولی..

زاویار نے اسے کڑے تیور سے گھورا تو وہ سر نیچے کئے کھسک گئی..

ملک زاویار یار کیا کرتے پھر رہے آج کل "ملک امین صاحب اسے دیکھتے بولے تھے

.. مگر وہ انکا جواب دیے بنا نکل گیا وہاں سے

..آپ اب اسکا جلدی سے کوئی بندوبست کردیں اب "نغمہ بیگم بولی

..اباجی سے کرتا ہوں بات "وہ بیٹھتے بولے

ملک عمر اپنے کمرے کی جانب بڑھے

www.novelsclubb.com

یہ تمہارے سپوت نظر نہیں آرہے کرتے کہا پھر رہے ہیں آج کل پڑھ بھی رہیں ہیں یا پھر آوارہ گردی ہی کرتے رہتے ہیں "ملک عمر کمرے میں آتے آمنہ بیگم نے بولے

کیا آپ بھی میرے بیٹوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کرتے ہیں پڑھائی "وہ خفگی سے بولی تھی..

اگر اس بار انکے نمبر کم ہوئے نا فیل ہوئے تو ان کی خیر نہیں خاص طور پہ تمہارے لاڈلے طٰہ کی اسکی حرکتیں مجھے ٹھیک نہیں لگتی" وہ تھوڑا سخت ہوئے تھے..

اچھا اچھا بس آپ کو تو بس میرے بیٹے ہی نظر آتے ہیں" وہ انکی طرفداری میں بولی..

امین بھائی صاب کے بیٹے بھی ہیں شجاع اور اشعر نمبروں سے پاس ہوتے آئیں ہیں " شجاع کام پہ بھی لگ گیا ہے اپنے بیٹوں سے یہ امید نہیں لگتی

وہ ابھی چھوٹے ہیں کر کے گے کام بھی" آمنہ بیگم کو غصہ آیا تھا اپنے سپوتوں جن کی وجہ سے سے روزانہیں باتیں سننی پڑتی ہیں اپنے شوہر سے

🥀🥀🥀

دھیرے_دھیرے_سے_میری_زندگی_میں_آنا#

عائشہ_نور#

قسط نمبر3#

🌺 عیدا سپیشل 🌺

www.novelsclubb.com

ملک حمید ولا میں رات کا ڈنر سب ساتھ میں کر رہے تھے.. عبیرہ روم میں ہی تھی اسکا
.. کھانا اسکے کمرے میں ہی پہنچا دیا گیا تھا

شزا اور رانیہ ساتھ میں بیٹھی تھی..انکے سامنے زین بیٹھا تھا..زین شزا کو کب سے
تنگ کئے جا رہا تھا..آفس سے آنے کے بعد سے اب تک شزا زین کی نظروں کے
.. حصار میں ہی تھی اور ابھی بھی وہ یہی کام سرانجام دے رہا تھا

وہ اسے اپنی نظروں کے حصار میں لئے ہوئے تھا.. وہ اسکی نظروں سے نروس ہو رہی
.. تھی

www.novelsclubb.com

شزا یہ پلیٹ دینا زین نے اسکے سامنے پڑی پلیٹ مانگی.. تو اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کیا
.. کرے

شنزا زین کو پلیٹ دو..اسکی امی بولی تو اس اپنے ہاتھوں کی لغزش پہ قابو پاتے پلیٹ اٹھا کر اسکی طرف بڑھائی..

زین نے پلیٹ کو پکڑنے کے ساتھ ہی اسکا ہاتھ بھی پکڑ لیا تو اس نے فوراً نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا..اسکا ننھا سا دل ڈوب کر ابھرا تھا..

کھانا کھانے کے بعد حمیرا نے ملک فیض کے گھر جانے کا ارادہ بنایا..

"چلو بچوں فیض تایا کے گھر سے ہو آئیں سویر کا ٹائم ہی نہیں لگا.. "

وہ چادر درست کرتی ملک فیض کے پورشن کی طرف بڑھی اسکے پیچھے شنزا بھی چل دی..

جبکہ رانیہ نہیں گئی..

..ملک فیض اس وقت حال میں بیٹھے حقہ کش لگا رہے تھے..جب وہ دونوں آئیں

..ماشاللہ آؤ بچے "ملک صاحب خوش ہوتے بولے وہ انکے پاس آگئ

اس وقت حال میں سب بڑے جمع تھے..ملک عمر اور ملک امین انکی دونوں اہلیہ بھی

..ملیحہ نے ان سب کو چائے لا کر دی اور پھر ملیحہ اور شزا دنوں کچن میں ی گئ

نغمہ تمہیں یاد ہے نا تم نے مجھ سے وعدہ کیا تھا" حمیرا بیگم اسے پرانی بات یاد کرواتے

www.novelsclubb.com

..بولی

..ہاں..حمیرا آپا مینو سب یاد ہے "آپ فکر نا کریں رانیہ میری نو(بہو) بنے گی

..تو سب ہنس دیے

..یہ تو بہت اچھی بات ہے" ملک فیض بولے

میرا بڑا دل ہے کہ میں اپنے پتر شجاع کے لئے اپنے گاؤں کی کوئی لڑکی لاؤں رانیہ سے زیادہ سوہنی کڑی نہیں ملنی مجھے" نغمہ بیگم. مسکراتی بولی..

..کچن کھڑی ملیحہ اور شزا نے انکی سب باتیں سن لی تھیں

www.novelsclubb.com

..رانیہ آپی میری بھابھی بنے گی ملیحہ خوش ہوتے بولی

اچھا میں رانیہ کے پاس جارہی ہوں" شزا بہت ایکسائیٹڈ ہو رہی تھی رانیہ کو بتانے کے لئے..اس لیے وہاں سے دوڑ لگادی..

ابھی وہ لان سے ہوتی گھر کے دروازے پہ پہنچی تھی کہ اسکی کلائی کسے کے ہاتھ میں آگئی..

زین نے اسے بڑے سے پلر کے ساتھ لگاتے اسکے سامنے آیا..

آپ" وہ گھبرائی سی بولی..

ہاں "میں۔۔ شام سے اگنور کئے جارہی اب ہاتھ لگی ہو..

وہ اسکے بے حد قریب تھا.. اسکے موٹے نین میں جھانک رہا تھا.. پیلے رنگ کا گول دامن قمیض پہنے ساتھ گھیر والی شلوار دوپٹہ گلے میں ڈالے لمبے سے بالوں کی چوٹی

www.novelsclubb.com

بنائے موٹی آنکھیں گول چہرہ ناک میں جچتی ایک نگ والی لانگ اسے بہت ہی منفرد بنا رہی تھی..

وہ اسے بہت فرصت سے تک رہا تھا..

طہٰ دروازے سے دندناتا ہوا اندر آرہا تھا اسکے پیچھے اشعر بھی تھا..

جب چوڑیاں کی کھنک نے اسکے کان کھڑے کئے..لان کے اس پار آواز تھی..

www.novelsclubb.com

اشعر گھر کے اندر جاتا رک گیا..طہٰ کو دیکھا جو لان کے دروازے سے آہستگی سے دوسرے گھر داخل ہورہا تھا..

اشعر بھی اسکے پیچھے چل نکلا..

..پلر کی اوٹ سے آوازیں آ رہی تھی پھر پیلے رنگ کا لہراتا دوپٹہ نظر آیا

طٰہ مزید دبے پاؤں آگے ہوا اور ہلکی سی زین کی جھلک دکھی..اور پھر اسے شرارت
..سوجھی..پیچھے آتے اشعر کو منہ پہ انگلی رکھے چپ رہنے کا اشارہ کیا

..اور ایک دم سے انکے سامنے کود پڑا..چااہ

www.novelsclubb.com

زین شزا کا ہاتھ پکڑے اسکے نقش میں کھویا ہوا تھا..جسے وہ چھڑانے میں اسکی چوڑیاں
..خاموش ماحول میں ارتعاش پیدا کر رہی تھی

دونوں ایک دم سے چونک کر الگ ہوئے تھے.. شزا ایک منٹ بھی ضائع کئے بغیر گھر کے اندر بھاگی..

اور طٰہٰ اور اشعر کا ہنس ہنس کر برا حال تھا..

زین بچارہ خجل سا ہو گیا..

واہ یہ نیا عاشق پیدا ہو گیا میرے علاوہ اس گھر میں " مجھے یہ بڑے بڑے لیکچر دینے والے خود مریض عشق میں مبتلا ہو گئے ہیں.. طٰہٰ کے ہاتھ تو جیسے موقع آ گیا..

www.novelsclubb.com

پلیز یار گھر میں کسی کو مت بتانا ابھی.. وہ بیچارگی سے انکی منتیں کرتے بولا..

پیار کیا تو ڈرنا کیا" عشق تو وہی ہوتا جسکا سر عام اعلان کیا جائے.. "طٰہ کے اندر تو شاعر والی روح آگئی..

..ابے یار بخش دے اسے "بڑا آیا وصی شاہ.. اشعر اسکے کاندھے پہ چت لگاتا بولا

نا..ں ںا.. میں تو جا رہا ہوں سب کو اکٹھا کرنے آج ان گناہ گار آں کھوں نے کیا سین دیکھا ہے.. وہ شرارتی انداز میں ہنستا بولا..

..طٰہ میرے چھوٹے بھائی کیا لے گا منہ بند کرنے کا.. زین کو اسکا منہ کروانا تھا

اس وقت جیب میں جتنے بھی پیسے ہیں سب میری ہتھیلی پہ رکھو.. وہ ہتھیلی اسکے آگے پھیلاتا بولا..

..توزین نے غصہ سے پانچ کا سکا نکال کر اسکے ہاتھ پہ رکھ دیا

دادا جی "طہٰ نے آواز لگائی کے زین نے والٹ نکال لیا دے رہا ہوں مگر صرف ہزار "وہ

..والٹ سے پیسے نکال کر گننے لگا کے طہٰ نے جھپٹا مار کر بھاگا تھا

اب سین واپس سے اوون کر سکتے ہو "طہٰ بھاگتے ہوئے بولا "

..رومانس کے لئے جگہ تو ڈھنگ کی ڈھونڈ لیتے "اشعر طعنہ مارتے وہاں سے گول ہوا

www.novelsclubb.com

" اور زین نے سر پکڑ لیا "لڑکی بھی گئی اور پیسے بھی گئے

شزا ہانپتی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی تھی سانس بھی پھول رہا تھا..

عبیرہ اور مرحا کے مشترکہ کمرے میں رانیہ بھی موجود تھی تینوں اپنی خوش گپیوں میں مصروف تھے..

کیا ہوا شزا تم اتنی گھبرائی سی کیوں ہو شزا دروازے کے پاس کھڑی تھی اور وہ تینوں بیڈ پہ بیٹھی تھیں..

وہ..وہ..میں..بھاگ کر آئی ما اسلیے سانس پھول رہا ہے..شزا کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کیا کہے اور نیچے کی بھی فکر تھی کے کیا ہو رہا ہو گا..اب تک تو طٰہ نے شور ڈال دیا ہو گا..آج اسکی عزت کا جنازہ نکل جائے..

" .. مگر تم بھاگ کر کیوں آئی آرام سے بھی تو آسکتی تھی

.. خبر ہی ایسی تھی .. "اس لئے جلدی کی آنے میں .. اس نے جلدی سے بات بدلی

.. کیا "تینوں نے ایک ساتھ کہا

.. رانیہ کا رشتہ پکا ہو گیا شجاع بھائی کیساتھ .. اس نے ایک دم انکے سر پہ بم گرایا

www.novelsclubb.com

.. کیا "تینوں حیران ہو گئی

.. یہ تم کیا کہہ رہی کو "مرحا بولی

..سہی کہہ رہی ہوں بڑے بزرگو کی بیٹھک لگی ہوئی ہے وہ تو یہی بول رہے.. شزا بولی

..رانیہ کے چہرے پہ تو شر میلی سی مسکان آئی

..اوہ میڈم بلش کر رہی ہیں.. عبیرہ نے اسے چھیڑا تو سب ہنس دی

نہیں مجھے اس کھڑوس سے شادی نہیں کرنی.."اپنی دل کی اتھل پتھل ہوتی دھڑکنوں

www.novelsclubb.com

..کو قابو میں کرتے بولی

ہاہا.ہاہا..دل سے تو راضی ہی لگ رہی ہو بس ہمیں دکھا رہی ہو بن کے..مجھے شادی

..نہیں کرنی.."شزا اسکی نقل اتارتے بولی

اورہاں یہ بھی کہہ رہے تھے اگر زاویار ماموں کے لئے کوئی لڑکی مل گئی تو جلد ہی تمہاری اور شجاع کی شادی بھی انکی شادی کیساتھ ہی کریں گے.. شزا نے انکے علم میں اضافہ کیا

..پتا نہیں کس بیچاری کی قسمت پھوٹے گی.. عبیرہ بس سوچ سکی

www.novelsclubb.com

..تمام بڑے کمروں میں تھے اور اس وقت ینگ پارٹی ہی ٹیوی لاؤنج میں بیٹھی تھی

..شجاع اشعر..طٰہ عطا..اور انکے ساتھ زاویار اور زین بھی شامل تھا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

..ملیحہ نے انکے آرڈر پہ انہیں چائے پیش کی اور ساتھ ہی بریکنگ نیوز بھی سنائی

..آج میرے پاس ایک بہت بڑی نیوز ہے لیٹیسٹ نیوز ہے

..ملیحہ اپنا نظر والا چشمہ درست کرتی بولی

..سب انکی جانب متوجہ ہوئی

تمہیں تو کسی نیوز چینل پہ نیوز کاسٹر ہونا چاہیے تھا.. جو ہر وقت تمہارے پاس لیٹیسٹ نیوز ہوتی ہے.. شجاع اسکی بار مذاق میں اڑاتے بولا.. اب خبر سناؤ.. سب کو تجسس میں ..ڈالا ہوا ہے

..آج شجاع بھائی کی بات پکی ہو گئی ہے.. "ملیحہ خوشی سے بولی

..کیا مطلب کس بات کی بات کر رہی ہو..سب ہی چونک گئے تھے شجاع جلدی بولا

..آپکی اور رانیہ آپی کی شادی کی بات پکی ہو گئی

واٹ "شجاع کی تو آنکھیں ابل کر باہر آئی..جبکہ سب نے ہوٹنگ کی تھی..اووو

..یہ کیا بکواس کر رہی ہو تم "وہ غصہ سے لال ہوتا بولا

www.novelsclubb.com

کاش کے حادثہ میرے ساتھ ہوتا "طٰہٰ دل پہ ہاتھ رکھے ہارے ہوئے جواری کی طرح

..بولا

آپ ماما سے پوچھ لیں انہوں نے ہی کیا ہے یہ سب.. ملیحہ ٹرے اٹھائے کچن میں چلی گئی..

چاچو جان شجاع آپ پہ بازی لے گیا..ادھر نوکری ملی اور ادھر چھوکری بھی..طٰہ کا رخ اب زاویار کی طرف تھا..

میں ایسے ہی ٹھیک ہوں..زاویار چائے کا سیپ لیتا بولا..

www.novelsclubb.com

شجاع غصہ سے بھرا بیٹھا تھا..وہاں سے اٹھ کر چلا گیا..

شرما گیا لگتا" طٰہ شرارتی انداز میں بولا..

اسے اچھا نہیں لگا اماں کے پاس گیا اور اب جوتے کھا کر نکلے گا..اشعر کا اشارہ نغمہ بیگم

..کی کمرے کی طرف تھا جہاں سے ابھی وہ اندر گیا

زاویار بھی اپنے کمرے میں چلا..گیا

..میرے پیسے واپس کرو"زین نے اسے گھور کر دیکھا اور پھر بولا

..کون سے پیسے"طٰہ آرام سے بولا

www.novelsclubb.com

..میرے پاس سے جو تم چھین کے بھاگے جو پانچ ہزار تھے

میں نے نہیں دیکھا آپ کو کسی کا ہاتھ پکڑے.. گھر میں رومانس جھاڑتے.. ویسے میں

..نے جلدی کر دی اگلا سین بھی انجوائے کرلیتا" طٰہ بڑی ڈھٹائی سے بولا

..توزین اٹھ گیا.. زکوۃ دی تجھے..رکھ لے بھوکے انسان.." وہاں سے نکل گیا

..عطا کو انکی باتیں پلے نہیں پڑھ رہی تھیں

اوئے میراثی اس میں میرا بھی حصہ ہے تیرے ساتھ میں بھی چشم دید گواہ ہوں..

..اشعر اسکے ہاتھ جھپٹا مار کے پیسے لے لئے

www.novelsclubb.com

اوئے یہ میری محنت کی کمائی ہے" طٰہ پیسے چھینے جانے پہ بول اٹھا

..یہ لے عیش کر بھکاری" اشعر نے پیسے گنتے ڈھائی ہزار اسے واپس کر دیا

..کیا کوئی لاٹری نکلی ہے تم لوگوں کی" عطا انکی حرکتوں کو دیکھ بولا

بس یہی سمجھ لو اشعر کہتا کمرے کی طرف چل دیا..اور طہٰ بھی بنا جواب دیے منہ لٹکاتے اٹھ گیا ..

اور کچھ دیر بعد شجاع بھی ماں کے ہاتھوں ذلیل۔ہوتا اپنے کمرے میں۔آیا۔۔

www.novelsclubb.com

" اماں یہ کیا چول ماردی آپ نے مجھے نہیں کرنی رانیہ سے شادی

کیوں۔۔آخر کمی کیا ہے اس بچی میں اینی سوہنی ہے میرے پنڈ کی ہے اپنی سگھڑ ہے "
"

یہی تو مسئلہ ہے گاوں کی ہے۔۔"پینڈو ٹائپ سی لگتی ہے" وہ زچ ہوتا بولا۔۔

' تیری ماں بھی پینڈو ہے پھر تو تجھے ماں بھی اچھی نہیں لگتی

" اماں

دفاع ہو جا نہیں چھتر چک لینا ہے میں نے" تو وہ منہ لٹکا تا نکلا۔۔

www.novelsclubb.com

..اگلی صبح زاویار گاڑی میں بیٹھا.. عبیرہ اور مرحا کے انتظار کر رہا تھا

تھوڑی دیر میں وہ دونوں باہر آئی تھی.. عبیرہ ہمیشہ کی طرح پچھلی سیٹس پہ ہی بیٹھی اور ..مرحا آگے

محترمہ آج چھٹی کر لیتی تمہارا ہاتھ جو جل گیا.. وہ گاڑی اسٹارٹ کرتا ہلکا سر پیچھے موڑ کر ..بولا

www.novelsclubb.com

..اسکا ہاتھ سرخ دیکھ وہ بولا

میں ٹھیک ہوں آج ٹیسٹ ہے آپ نے ہی لینا ہے.. "وہ منہ بسورتی بولی

.

کچھ ہی دیر میں وہ یونیورسٹی پہنچے تو مرحا اپنی کلاس کی طرف بھاگی عبیرہ اپنا بیگ سنبھالے کچھ کتابوں کو ہاتھوں میں اٹھائے آگے چل دی..

"لاؤ یہ بکس مجھے دو میں تمہیں کلاس میں دے دوں گا

زاویار اسکے سامنے آتا بولا.. آف وائٹ شرٹ کے ساتھ نیوی بلو کوٹ پہنے بالوں کو سلیقہ سے سیٹ کئے ہوئے جاذب نظر آرہا تھا..

اٹس اوکے میں اٹھا سکتی ہوں.. وہ کہتی آگے بڑھنے لگی..

کل سے مجھے ولن بنایا ہوا ہے اس حادثہ "کا تو تھوڑی تیمارداری کر کے ازالہ کر لوں" وہ اسکے ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے بولا جو جلا تھا اسی ہاتھ سے وہ کتابیں تھامے تھی..

زاویار نے اسکے ہاتھ کتابیں لے لی اور آگے چل پڑا کلاس روم کی جانب

وہ بھی اسکی پیچھے چل پڑی..

..دونوں آگے پیچھے روم میں داخل ہوئے

..گڈ مارننگ سر

گڈ مارننگ "ہیو آ گڈ ڈے "وہ بھی شائستہ انداز میں جواب دیتے بولا عبیرہ بھی اسکے پیچھے کلاس میں انٹر ہوئی..

زاویار اسکی مخصوص چیئر کی جانب بڑھتے اسکی بکس رکھ کر واپس اپنے ڈیسک کی جانب آیا..سب نے یہ بات نوٹس کی تھی خاص طور پہ لڑکیوں نے..

..وہ اپنے ٹاپک کی جانب آیا اور لیکچر دینے لگا کلاس ختم ہوتے وہ چلا گیا

کیا بات ہے سر نے آج تمہاری بکس اٹھائی ہوئی تھیں..اسکے ساتھ بیٹھی ماڈرن ڈریس پہنے لڑکی نے کہا..

وہ میرا ہاتھ جل گیا تھا تو مجھ سے اٹھائی نہیں جا رہی تھی تو انہوں نے ہیلپ کی.."وہ اپنی بات سمجھاتے ہوئے بولی..

کل سے میں بھی اپنا ہاتھ جلا کر آؤں گی یونی میں کیا پتا میری بھی ہیلپ کر دیں"اس لڑکی نے مذاق اڑانے والے انداز میں کہا..

www.novelsclubb.com

میرا ہاتھ انکی وجہ سے ہی جلا تھا..چائے سرو کر رہی تھی انہیں اسی دوران میرے ہاتھوں پہ چائے گری"عبیرہ کو اسکی بات ناگوار گزری

ہاؤسوئیٹ سرزاویار کو چائے سروکررہی تھی"""ایک لڑکی نے مذاق اڑاتے کہا تو عبیرہ اٹھ گئی وہاں سے..

○ ○

ملک حمید ہاؤس میں سب اپنے کام کاج پہ جاچکے تھے..گھر میں بس حمیرا پھپھو اور رانیہ شزا تھیں اور وہ بھی ناشتہ کے بعد دوسرے گھر میں چلے گئے تھے..ملک فیض ہاؤس میں"

رخشندہ کچن میں ملازمہ کیساتھ کام کروارہی تھی اسکے گھر کا ٹیلی فون کی گھنٹی بجی..

اس وقت کون ہے" کہتے ریسیور اٹھا کر کان سے لگایا..

www.novelsclubb.com

"ہیلو

" کیسی ہو رخشندہ بیگم

..ایک سیکنڈ لگا تھا انہیں آواز پہچاننے میں

تم "تمہاری ہمت کیسے ہوئی یہاں کال کرنے کی ہمارا تمہارے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے.."وہ غصہ سے بولی

..تعلق ہے رخشندہ بیگم ہماری امانت ہے تمہارے پاس اگلا بندہ بڑی ڈھٹائی سے بولا

..کوئی امانت نہیں تمہاری ہمارے پاس"وہ اونچی آواز میں بولی

" .. میری بیٹی عبیرہ ہے "اور میں بہت جلد ہی اپنی بیٹی کو واپس لینے کے لئے آؤں گا

شٹ اپ "تم میری بچی کو نہیں لے جا سکتے کوئی حق نہیں ہے تمہارا اس پہ "میری بہن کے مرتے ہی تم اپنی بچی سے آنکھیں پھیر لی اسے سوتیلی ماں کے حوالے کر دیا تھا" کتنے ظلم سہے اس عورت کے میری عبیرہ نے "آٹھ سال کی تھی وہ جب اسکی ماں اس دنیا سے چلی گئی جب اسکو تمہاری زیادہ ضرورت تھی تب کہاں تھے .."

.. رخشندہ بیگم نے اسے خوب سنائی

www.novelsclubb.com

مجھے تمہاری کوئی بکواس نہیں سننی میں صرف تمہیں بتا رہا ہوں میں اپنی بیٹی کو لینے آرہا ہوں .. "عبیرہ کا باپ فیصل بولا ..

نہیں چھ مہینے میں ہی اسکا گلاب جیسا چہرہ مرجھا گیا اور میں بروقت پہنچ گئی اور تمہاری دوسری بیوی کے ظلم سے اسے بچا لائی کبھی تم نے پلٹ کر خبر لی تمہاری بیٹی ہے کہاں ..اور اب اچانک سے اپنی بیٹی کا خیال آ گیا" رخشندہ چپ نہیں مزید اسے سنائی

میں نے عبیرہ کا بہت ہی اچھے لڑکے سے اسکا رشتہ طے کر دیا ہے "عیش کرے گی ساری زندگی..اور تم مجھے روک نہیں سکتی..پندرہ دن اندر اندر میں عبیرہ کو لے جاؤں ..گا"فیصل نے کہتے ہی کال کاٹ دی

..رخشندہ بیگم سر پکڑ کر بیٹھ گئی

www.novelsclubb.com

کتنی چھوٹی سی تھی وہ جب وہ اسے اپنے گھر لے آئی تھی ماں کے انتقال کے دوسری ..مہینہ ہی اسکے باپ نے دوسری شادی کر نی اور عبیرہ کو اسکے رحم و کرم پہ چھوڑ دیا

وہ عبیرہ سے چھے مہینہ بعد ملنے گئی تو بہت ہی بری حالت میں پایا اسے ..وہ صحت مند ہوا کرتی تھی مگر اس عورت نے اس پہ ظلم ستم کے پہاڑ توڑ دیے تھے عبیرہ کا ہاتھ جلا ہوا تھا سر کے بال کاٹے ہوئے خوبصورت سفید چہرہ مرجھایا ہوا تھا رخشندہ کا تو دل ہی دہل گیا تھا وہ فوراً سے عبیرہ کو وہاں سے لے آئی تھی ..اسکے بعد سے اسکے باپ نے اسکی کبھی خبر تک نا لی ..سب نے یہاں عبیرہ کا بہت خیال رکھا حالات کی تلخیوں نے بہت سنجیدہ مزاج بنا دیا تھا ہنسنا تو وہ بھول گئی تھی سب ہی اسے ہنسانے میں لگے رہتے ہیں .. کل بھی اسکا ہاتھ جلا تو سب نے اسے سر پہ بٹھا لیا تھا ..اتنا سب نے اسکا بہت خیال رکھا .. مگر عبیرہ کو لگتا ہے سب اس سے ہمدردی جتاتے ہیں ترس کھاتے ہیں

www.novelsclubb.com

مجھے کچھ کرنا پڑے گا عبیرہ کے لئے اسے محفوظ کرنے کے لیے تاکہ اسکا باپ اسے لے جانا سکے .. "

..کیا ہوا رخشی بیگم تم پریشان ہو

..انکے شوہر ملک نعمان دکان پہ جانے کے لیے تیار ہو کر کمرے سے باہر آئے

..ملک صاحب بہت ٹینشن ہے.."وہ ٹینشن سے بولی

..کیسی ٹینشن ہے"وہ انکے پاس بیٹھ گئے اور انھوں ساری تفصیل سے آگاہ کیا انہیں

www.novelsclubb.com

اچھا اباجی کہاں ہے ان سے بات کرتے ہیں دور اندیش بندے ہیں کوئی نا کوئی حل

..ضرور بتائیں گے

WWW.NOVELSCLUBB.COM

" وہ اس وقت لان میں ہوتے ہیں اپنے بھائی کے ساتھ

ادھر اپنے والے لان میں "ملک نعمان نے پوچھا

..ہاں آج یہیں ہیں "رخشی پریشان سی بولی

چلو پھر باہر چلتے انکے پاس بزرگ بندے کوئی اچھی ہی صلاح دیں گے.. وہ اسے لئے

.. باہر لان میں آئے

www.novelsclubb.com

ملک فیض اپنے حقہ کے ساتھ مستفید ہو رہے اور ملک حمید ان سے گزری یادیں تازہ

.. کر رہے تھے اور زور دار قہقہہ لگاتے

..ابھی وہ کسی بات پہ زور و سے ہنس رہے تھے

"یار حمیدے وہ ویلے بہت چنگے تھے

..ابا جی "ملک نعمان انکے سر پہ آئے

ہاں پتر دونوں ہی انکی طرف متوجہ ہوئے

..وہ دونوں انکے پاس بیٹھے اور پریشانی سے انہیں آگاہ کیا

www.novelsclubb.com

اس ساری پریشانی کا میرے پاس ایک حل ہے" کے پتر عبیرہ کیا نکاح تم ان دنوں میں جلدی سے کسی اچھے لڑکے کے ساتھ کر دو اس طرح اسکے باپ کا کوئی حق نہیں رہے گا عبیرہ پتر پہ کیونکہ وہ اپنے شوہر کی ملکیت ہو گی..ملک فیض نے اپنی ذہانت سے انہیں

WWW.NOVELSCLUBB.COM

مشورہ دیا جو رخشی کو پسند بھی آیا..اتنے میں پھپھو حمیرا بھی انکے سر پہ آ گئی.. شزا اور رانیہ پاس گزرتی اندر گھر کی جانب بڑھی..

عبیرہ کا نکاح میں زین سے ہی کروا دیتی ہوں.. رخشندہ بیگم کو بس یہی سجھائی دیا.. شزا نے پیروں تلے سے زمین کھسک گئی جب یہ آواز اسکے کانوں میں پڑی اسکا رنگ فق ہو گیا.. جبکہ رانیہ شزا کو دیکھ مسکرائی اسکی دلی کیفیت سے انجان..

شزا بھی بمشکل مسکراتے کمرے کی طرف بڑھی تھی وہاں جا کر دل کی بھڑاس نکال سکے..

www.novelsclubb.com

چھٹی ٹائم مرحانے عبیرہ کی بکس تھام لی عبیرہ بیک سیٹ پہ اور مرحا فرنٹ سیٹ بیٹھی

..مرحانے عبیرہ کی بکس ڈیش بورڈ پہ رکھ دی

کچھ ہی دیر میں وہ گھر پہنچے گئے..اور دونوں جلدی گاڑی سے اترتی اپنے گھر میں داخل ہوئی

جلدی پتا نہیں کس بات کی ہے انہیں ڈرائیور ہی سمجھ لیا اپنا" زاویار خود سے بڑبڑاتا"

..اپنے گھر میں داخل ہوا

www.novelsclubb.com

شام کو زین گھر آیا تو پہلے سامنا اسکا شزا سے ہوا..زین نے اسے دیکھ مسکراتے ایک آنکھ

..دبائی مگر شزا منہ نیچے کئے وہاں سے نکل گئی..اور وہ سوچتا رہ گیا اسے کیا ہوا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

..زین بھائی آپکو داداجی اپنے کمرے میں بولا رہے ہیں.. مرحا اسکے لئے پیغام لیکر آئی

"اچھا میں آیا تم اچھی سی چائے بناؤ میرے لیے

وہ اثبات میں سر ہلاتے چلی گئی

کچھ ہی دیر بعد زین بھی فریش ہو کر ملک حمید کے کمرے میں پہنچا جہاں اسکی پھپھو اسکی ..ماں اور اسکے والد ملک نعمان پہلے سے موجود تھے

www.novelsclubb.com

..اللہ خیر کرے آج" وہ دل میں کہتا انکے پاس آیا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

"اسلام علیکم "کیا بات ہے سب خیر ہے

ہاں خیر ہے سب زین پتر تجھ سے بہت ضروری بات کرنی ہے "ہمیں یقین ہے تو ہمیں مایوس نہیں کرے گا..

ملک حمید نے بڑے تحمل سے بات کا آغاز کیا..

"جی بولیں کوشش کروں گا اگر بات میرے وارے کی ہوئی تو

www.novelsclubb.com

بیٹا جی تیری ماں عبیرہ کے لئے بہت پریشان ہے آج اسکے باپ کا فون آیا تھا وہ عبیرہ کو لینے آنے والا ہے اور ہم اس بات پہ راضی نہیں ہیں وہ بچی ہماری ہے اسے تیری ماں نے پالا ہے.. "زین انکی بات سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا اپنی جاری رکھتے ہوئے ملک حمید صاحب بولے.

